شادی خانہ آبادی

ایڈیٹر روزنامہ صدائے حسینی جناب سید جعفر حسین کے فرزند سید عبداللہ حسین جعفری (BA.LLB) کی ولیمہ تقریب دیوان بنکویٹ چادرگھاٹ میں منعقد ہوئی۔ تقریب میں حجتہ الاسلام مولانا سید تقی رضا عابدی صاحب، مولانا آغا مجاہد حسین صاحب، مولانا لقمان حسین موسوی صاحب، مولانا علی قادری صاحب، مولانا آغا منور علی صاحب، مولانا ڈاکٹر شوکت علی مرزا صاحب، مولانا محمد عباس صاحب، مولانا مرزا عسکری علی خاں صاحب، مولانا مرزا علمدار علی صاحب، مولانا سید ضیاء حسین جعفری صاحب نوشہ کے بڑے بھائی، صدر مجلس وایم پی حیدرآباد جناب بیرسٹر اسدالدین اویسی صاحب، جناب آغا محسن مقدمی صاحب ڈپٹی قونصلیٹ جنرل ایران مقیم حیدرآباد، جناب محمد محمود علی سابق وزیر داخلہ تلنگانہ، جناب مرزا ریاض الحسن آفندی ایم ایل سی ایم آئی ایم، مولانا ڈاکٹر حافظ مظفر حسین خاں، جناب میر عنایت علی باقری بی آر ایس سینئر لیڈر، جناب محمد آعظم علی بی آر ایس سینئر لیڈر، جناب جیکب روز بھومپک پی اے وزیر اعلی تلنگانہ، جناب جے ڈی صاحب (I&PR)، جناب علمدار والا جاہی کارپوریٹر دبیر پورہ ڈیویژن، جناب ایس اے ہاشمی ڈپٹی ڈائرکٹر (I&PR)، جناب عزیز احمد جوائنٹ ایڈیٹر روزنامہ اعتماد، نواب عباس علی خاں صاحب (حسینی کوٹھی)، جناب زہیر بھائی (بوہرا کمیٹی)، جناب آغا زاہد حسین، جناب میر فراست علی باقری بی جے پی سینئر لیڈر، جناب فیاض علی صاحب، جناب مرزا ہادی علی صاحب، جناب داور علی صاحب، جناب ڈاکٹر اسلم عباس صاحب، جناب سید رضا علی زیدی (علی پاشا) صدر گروہ کاظمی، جناب عبدالوہاب، جناب غلام پنجتن، جناب سید حامد حسین جعفری، جناب منا بھائی (عاشور خانہ امیر مختارؑ)، جناب برکت علی (کمفرٹ فرنیچر)، جناب زاکر حسین، جناب سید امداد حسین سینئر لیڈر (MBT)، جناب سید سلمان حسین عابدی، جناب سید رضوان حسین عابدی، جناب سید اصغر حسین فرشوری کے علاوہ دیگر معزز حضرات نے شرکت کی۔ تصویر میں جناب میر رضا علی خاں رضوی صاحب (دلہن کے والد)، جناب میر مزمل علی خاں رضوی (دلہن کے بھائی)، جناب مظہر علی (سیاست)، جناب سید محمد قائم (ابوالحسن بھائی)، جناب شیخ نظام الدین، جناب سید کلیم الدین احمد (صدائے حسینی)، جناب سید محمد عسکری، جناب مرزا صفدر علی ابرار، جناب کرامت علی، جناب سید مجتبی حسین زیدی (سفیر ٹی وی)، جناب سید نقی موسوی، جناب زاہد صاحب، جناب سید غلام تقی، جناب اسلم علی، جناب سید عنایت حسین نوشہ کے چھوٹے بھائی جناب احمد حسین و جناب ابراہیم حسین، جناب باقر علی رپورٹر روزنامہ صدائے حسینی، جناب سید حیدر عباس، جناب سید محمد تقی اور دیگر دیکھے جاسکتے ہیں۔

بی سی طبقات کو ریزرویشن کیلئے تلنگانہ کی کانگریس حکومت سنجیدہ: پونم پربھاکر

حیدرآباد۔ 29/ستمبر (سفیر نیوز/صدائے حسینی) تلنگانہ کے وزیر ٹرانسپورٹ پونم پربھاکر نے کہا ہے کہ ریاست میں بی سی ریزرویشن کے نفاذ میں کانگریس حکومت پوری سنجیدگی کیساتھ کام کررہی ہے۔ انہوں نے الزام عائد کیا کہ بی جے پی کے قائدین، بی سی طبقات کو گمراہ کررہے ہیں۔ انہوں نے میڈیا سے بات کرتے ہوئے کہا کہ بی سی ریزرویشن بل کے لئے تمام جماعتوں نے اپنی مکمل تائید کا اعلان کیا تھا، مگر بی جے پی نے اسمبلی میں پہلے تائید کی اور بعدازاں دہلی میں اسی بل کو سازشی طریقہ سے روک دیا۔ پونم پربھاکر نے سوال کیا کہ بی جے پی قائدین یہ بتائیں کہ بی سی طبقات کے ساتھ انصاف کیلئے اصل میں کیا کرنا چاہیے۔ انہوں نے مزید کہا کہ جوبلی ہلز کے ضمنی انتخاب میں کانگریس پارٹی کی ہی جیت ہوگی۔

کالیشورم پراجکٹ کی تعمیر میں بے قاعدگیوں کی جانچ

حیدرآباد۔ 29/ستمبر (سفیر نیوز/صدائے حسینی) تلنگانہ کے کالیشورم لفٹ ایریگیشن پراجکٹ کے بیراجوں کی تعمیر میں مالی بے قاعدگیوں کی تحقیقات کے لئے تلنگانہ حکومت نے اہم فیصلہ کیا ہے۔ وزیر اعلی ریونت ریڈی نے اسمبلی میں اعلان کیا تھا کہ کالیشورم پراجکٹ کے گھپلوں کے معاملہ کو مرکزی تحقیقاتی ادارے سی بی آئی کے حوالے کیا جارہا ہے۔ اسی دوران ایک اور اہم پیش رفت سامنے آئی ہے۔ کالیشورم بدعنوانیوں پر اب اے سی بی بھی میدان میں اترنے والی ہے۔ کالیشورم پراجکٹ سے ہونے والے نقصان پر فوری تحقیقات کرنے کیلئے ویجلنس ڈپارٹمنٹ نے اے سی بی کو مکتوب لکھا ہے۔

تلنگانہ میں بلدیاتی انتخابات کا شیڈول جاری: پانچ مرحلوں میں ہونگے انتخابات

حیدرآباد۔ 29/ستمبر (سفیر نیوز/صدائے حسینی) تلنگانہ الیکشن کمیشن نے آج ایک پریس کانفرنس کی جس میں تلنگانہ بلدیاتی انتخابات کے شیڈول کا اعلان کیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ ریاستی حکومت نے دیہی بلدیاتی اداروں میں خالی اسامیوں کو پر کرنے کیلئے انتخابات کرانے کی منظوری دیدی ہے جس کے نتیجے میں ایک ٹائم ٹیبل کا قیام عمل میں آیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ 31 اضلاع اور 565 منڈلوں پر مشتمل انتخابات کے ٹائم ٹیبل کا اعلان کردیا گیا ہے۔ انتخابات پانچ مرحلوں میں ہونگے جو 9 اکتوبر سے شروع ہوکر 11 نومبر کو ختم ہونگے۔ ماڈل ضابطہ اخلاق اب نافذ العمل ہے جس پر سختی سے عمل کیا جانا چاہئے۔ انہوں نے کہا کہ 9 اکتوبر کو بلدیاتی انتخابات کا نوٹی فکیشن جاری کیا جائے گا۔ زیڈ پی ٹی سیز اور ایم پی ٹی سیز انتخابات دو مرحلوں میں ہوں گے جبکہ پنچایتی انتخابات تین مرحلوں میں ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ انتخابی فہرستیں شائع اور سیاسی جماعتوں کے ساتھ شیئر کی گئی ہیں۔ ان انتخابات میں 16.7 ملین سے زائد ووٹرز اپنا حق رائے دہی استعمال کرسکیں گے۔ ریاستی الیکشن کمشنر رانی کمودینی نے انتخابی شیڈول کا اعلان کیا۔ ZPTC اور MPTC میں ڈالے گئے ووٹوں کی گنتی 11 نومبر کو ہوگی، جبکہ گرام پنچایتوں میں ووٹوں کی گنتی پولنگ کے بعد ہوگی۔ 31 اضلاع کے 565 ڈویژنوں میں انتخابات ہونگے۔ 565 ضلع پریشد علاقائی الیکشن کمیشن (ZPTCs)، 5,749 منڈل پریشد علاقائی الیکشن کمیشن (MPTCs)، 12,733 گرام پنچایتوں اور 1,12,288 وارڈوں کے لیے ووٹنگ ہوگی۔ ووٹنگ بیلٹ بکس اور بیلٹ پیپرز کے ذریعے کی جائے گی۔ بیلٹ بکس گجرات، کرناٹک، مہاراشٹرا اور آندھرا پردیش سے لائے گئے ہیں۔ ریاستی الیکشن کمشنر نے بتایا کہ ووٹروں کی تعداد 16,703,168 ہے، جن میں 8,536,770 مرد، 8,165,894 خواتین اور 504 دیگر ووٹر شامل ہیں۔ ریاستی الیکشن کمیشن نے تمام ووٹروں اور مقابلہ کرنیوالے امیدواروں سے اپیل کی ہے کہ وہ ماڈل ضابطہ اخلاق پر سختی سے عمل کریں، آزادانہ اور منصفانہ طریقے سے ووٹ دیں، انتخابی عمل کو کامیاب بنائیں۔ دریں اثنا، 14 ایم پی ٹی سی علاقوں، 27 گرام پنچایتوں، اور 246 وارڈوں میں مختلف معاملات میں عدالتوں کی طرف سے حکم امتناعی جاری ہونے کی وجہ سے انتخابات نہیں ہوں گے۔ ہائی کورٹ نے ریاستی الیکشن کمیشن کو 30 ستمبر یا اس سے پہلے انتخابی عمل مکمل کرنے کی ہدایت دی تھی۔ ریاستی الیکشن کمیشن نے ستمبر سے 45 دن کی توسیع کی درخواست دائر کی۔ رانی کمودینی نے اب کہا ہے کہ ریاستی الیکشن کمیشن نے انتخابات کے انعقاد کیلئے تمام ضروری سرگرمیاں مکمل کرلی ہیں۔

سجنار نے معیاد کے آخری دن عام مسافر کی طرح بس میں سفر کیا

حیدرآباد۔ 29/ستمبر (سفیر نیوز/صدائے حسینی) تلنگانہ اسٹیٹ روڈ ٹرانسپورٹ کارپوریشن (ٹی جی ایس آر ٹی سی) کے منیجنگ ڈائرکٹر کی حیثیت سے اپنے آخری دن سینئر آئی پی ایس عہدیدار وی سی سجنار نے عوامی ٹرانسپورٹ سے اپنی گہری وابستگی کو ایک منفرد انداز میں ظاہر کیا۔ انہوں نے عام مسافر کی طرح سٹی بس میں سفر کیا۔ سجنار نے لکڑی کا پل۔ ٹیلی فون بھون بس اسٹاپ سے بس میں سوار ہوکر بس بھون (ٹی جی ایس آر ٹی سی ہیڈکوارٹرس) تک کا سفر کیا۔ کسی عہدیدار یا معزز شخصیت کی طرح نہیں بلکہ ایک عام مسافر کی طرح انہوں نے کنڈکٹر کو یو پی آئی کے ذریعہ کرایہ ادا کیا اور ٹکٹ حاصل کیا۔ سفر کے دوران سبکدوش ہونے والے منیجنگ ڈائرکٹر جن کو دو دن پہلے حکومت نے حیدرآباد کا کمشنر پولیس مقرر کیا ہے نے بس میں سوار دیگر مسافروں سے خوشگوار انداز میں گفتگو کی اور پبلک ٹرانسپورٹ سے متعلق انکے تجربات اور خیالات کی سماعت کی۔ اپنی معیاد کے دوران سجنار نے مسافروں کی سہولت کیلئے کئی اصلاحات متعارف کرائیں، جن میں ڈیجیٹل ٹکٹنگ کے فروغ اور حفاظتی اقدامات کو مزید مستحکم بنانا شامل ہے۔

تلنگانہ کے وزیر پونم پربھاکر سے پروفیسر کودنڈارام کی ملاقات

حیدرآباد۔ 29/ستمبر (سفیر نیوز/صدائے حسینی) تلنگانہ کے وزیر ٹرانسپورٹ پونم پربھاکر سے آج تلنگانہ جناسمیتی کے سربراہ ورکن قانون ساز کونسل پروفیسر کودنڈارام نے ملاقات کی۔ کانگریس پارٹی کے ہیڈ کوارٹرس گاندھی بھون میں ہوئی اس ملاقات کے دوران کودنڈارام نے حکومت کی جانب سے تلنگانہ کو ریاست کا درجہ دینے کیلئے جدوجہد کرنے والے کارکنوں کو دی گئی یقین دہانیوں پر عمل درآمد کے لئے وزیر اعلی سے مداخلت طلب کی۔

کے سی آر نے سدولا بتکماں کی مبارکباد پیش کی

حیدرآباد۔ 29/ستمبر (سفیر نیوز/صدائے حسینی) تلنگانہ کے سابق وزیر اعلی وبی آر ایس سربراہ کے چندرشیکھر راو نے سدولا بتکماں تہوار کے موقع پر تلنگانہ کے عوام، خاص طور پر خواتین، کو مبارکباد پیش کی۔ انہوں نے بتکماں کو تلنگانہ کی ایک منفرد ثقافتی روایت قرار دیا جسے خواتین نو دن تک عقیدت اور خوشی کے ساتھ مناتی ہیں اور آخری دن سدولا بتکماں کے ساتھ اس کا اختتام ہوتا ہے۔

تلنگانہ کی سائبرآباد پولیس نے 23 غیر ملکی شہریوں کو ملک بدر کردیا

حیدرآباد۔ 29/ستمبر (سفیر نیوز/صدائے حسینی) تلنگانہ کی سائبرآباد پولیس نے 23 غیر ملکی شہریوں کو ملک بدر کردیا ہے جو ہندوستان میں بغیر درست پاسپورٹ یا ویزا کے غیر قانونی طور پر مقیم تھے۔ ملک بدر کئے گئے افراد میں 22 یوگنڈا کے اور ایک سوڈانی شہری شامل ہیں، ان میں 20 خواتین اور تین مرد شامل ہیں۔ یہ کارروائی راجندرانگر زون پولیس اور ایس او ٹی شمس آباد کے ایک چھاپے کے بعد کی گئی، پولیس نے ایک اطلاع پر بکارم گاں میں ایک فارم ہاس کا معائنہ کیا جہاں 51 غیر ملکی شہری اجازت کے بغیر سالگرہ پارٹی منا رہے تھے۔ جانچ کے دوران معلوم ہوا کہ ان میں سے 36 غیر قانونی طور پر زائد قیام کررہے تھے۔ ایف آر آر او حیدرآباد کے احکامات کے بعد، قانون کی خلاف ورزی کرنے والوں کو حراستی مراکز میں رکھا گیا۔ ان میں سے 23 افراد کو پہلے ہی وطن واپس بھیجا جاچکا ہے۔ سفارت خانوں کے تعاون سے او ٹی ڈیز کا انتظام کیا گیا، جبکہ باقی نو افراد کو بھی ملک بدر کرنے کی کوششیں جاری ہیں۔ ان میں سے 6 افراد نے پہلے ہی او ٹی ڈی حاصل کرلئے ہیں اور ایک ہفتہ کے اندر واپس بھیجے جائیں گے۔ سائبرآباد پولیس نے غیر ملکی شہریوں سے اپیل کی ہے کہ وہ اپنے پاسپورٹ اور ویزا کی معتبریت یقینی بنائیں اور مکان مالکین کو مشورہ دیا کہ غیر ملکی کرایہ داروں کے دستاویزات کی تصدیق کریں تاکہ قانونی مسائل سے بچا جاسکے۔

حیدرآباد میں پانچ روپئے میں کھانا فراہم کرنے والی کینٹینوں کا افتتاح

حیدرآباد۔ 29/ستمبر (سفیر نیوز/صدائے حسینی) حیدرآباد میں صرف پانچ روپے میں کھانا فراہم کرنے والی مزید دو اندیرما کینٹینس کا افتتاح عمل میں آیا۔ موتی نگر اور خیریت آباد منٹ کمپانڈ میں قائم ان کینٹینوں کا افتتاح وزیر ٹرانسپورٹ پونم پربھاکر اور میئر وجے لکشمی نے کیا۔ نئی کینٹینوں میں جدید فوڈ کنٹینرس، نشستوں کی سہولت، آر او پینے کا پانی، واش بیسن اور ڈرینج جیسی سہولتیں فراہم کی گئی ہیں۔ جی ایچ ایم سی کے حدود میں فی الحال 150 کینٹینیں چل رہی ہیں جن سے یومیہ اوسطا 30 ہزار افراد فائدہ اٹھا رہے ہیں۔ ان کینٹینوں کا مقصد بھوک سے پاک حیدرآباد ہے۔ اندرما کینٹینوں میں صرف 5 روپے میں ناشتہ اور 5 روپے میں دوپہر کا کھانا دیا جارہا ہے۔ ناشتہ پر 14 روپے اور دوپہر کے کھانے پر 24.83 روپے جی ایچ ایم سی خرچ کررہی ہے۔ ہر فرد پر تقریبا 3 ہزار روپے کا مالی بوجھ کم ہورہا ہے۔ اس موقع پر وزیر پونم پربھاکر نے کہا کہ وزیر اعلی کے احکامات کے تحت اندیرما کینٹین شروع کی گئی ہیں۔ پہلے ہی پانچ روپے میں کھانا فراہم کررہے ہیں، اب سے پانچ روپے میں ناشتہ بھی دیا جائے گا۔ واضح رہے کہ حیدرآباد میں صرف پانچ روپے میں کھانا فراہم کرنے والی مزید دو اندیرما کینٹینس کا افتتاح عمل میں آیا۔

آفرین ہاسپٹل پرانی حویلی میں ڈاکٹر کی غیر ذمہ داری اور لاپرواہی سے ایک نومولود فوت

حیدرآباد۔ 29 ستمبر (سفیر نیوز) ڈاکٹروں کی غیر ذمہ داری اور لاپرواہی سے کسی کی گود اجڑتی ہے یہ کوئی یتیم ہوتا ہے یا کوئی بیوہ ہوتی ہے۔ انسان اپنے مرض سے نجات پانے کے لئے ڈاکٹرز کے پاس جاتے ہیں اور وہ لوگ اللہ کے بعد ڈاکٹر پر بھروسہ کرتے ہوئے اپنے علاج کروانے کے لئے آتے ہیں۔ اگر ایسے قسم کے ڈاکٹرز لوگوں کے علاج کے دوران اپنی لاپرواہی اور غیر ذمہ داری برتنے لگے تو عوام کیس پر بھروسہ کریں۔ ایک ایسا ہی واقع کل یعنی اتوار کے روز پرانی حویلی پر واقع آفرین ہاسپٹل میں ڈاکٹر آفرین کی لاپرواہی اور غیر ذمہ داری کے سبب ایک ماں کی گود آباد ہوتے ہوتے اجڑ گئی۔ زچہ کے رشتہ داروں نے بتایا کہ بچے کی موت کے بعد دواخانہ میں کام کرنے والوں نے انہیں کمرے میں کئی گھنٹوں تک بند رکھا اور جب باہر نکل نے کے بعد لوگوں ڈاکٹر آفرین کی غیر ذمہ داری اور لاپرواہی کے خلاف احتجاج کیا دواخانہ اور ڈاکٹر آفرین کے خلاف میر چوک پولیس اسٹیشن میں شکایت درج کروائی پولیس نے انکی شکایت پر کرائم نمبر 197/2025U/S 106BNS کے مقدمہ درج کرلیا تحقیقات کا آغاز کردیا۔ زچہ کے رشتہ داروں نے بتایا کہ دواخانہ کے ذمہ داروں نے اپنی غلطی کو چھپانے کیلئے اور اس معاملہ کو رفع دفع کرنے کے لئے بھاری رقم دینے کی لالچ بھی دی۔ ذرائع سے پتہ چلا کہ اس آفرین میٹرنٹی ہاسپٹل میں اس طرح کا دوسرا یہ تیسرا واقع ہے۔

ایڈیٹر، پرنٹر، پبلشر و مالک سید جعفر حسین نے روزنامہ 'صدائے حسینی' کوسری شیشائی انٹرپرائزیز' پلاٹ نمبر 19' آئی ڈی اے' بالانگر' آر آر ڈسٹرکٹ' تلنگانہ 037 500 (انڈیا) سے چھپوا کر 146/306-7-18' امان نگر (اے) سے شائع کیا۔ رجسٹرڈ نمبر: RNI No.APURD/2009/30780' پوسٹل رجسٹریشن نمبر HSE/910/213/215۔